کتب خانہ سرکار عالی

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۴ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۲۶ اکتوبر سنہ ۱۹۴۰ء جلد ۵۳

حصہ اول

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری مسودہ "قانون انتقال جائداد ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء" مجلس مقننہ۔	۲

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۲	منظوری اشاعت اعلان بہ اسٹیٹ گزٹ دربارہ عطائے اختیار سماعت مقدمات تحت قانون ضیون کشی ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء بہ جملہ مجسٹریٹ درجہ اول و درجہ دوم ریاست رامپور۔	۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ، مورخہ ۱۸ ستمبر ۱۹۳۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۶ ستمبر ۱۹۳۰ء میں عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانونسازی کی تجویز بابت کارروائی نسبت مسودہ "قانون انتقال جائیداد ریاست رامپور ۱۹۳۰ء" پیش ہوکر طے پایا کہ:-

مسودہ قانون مذکور مجلس مقننہ میں پیش کئے جانے سے کونسل کو اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع مسودہ قانون منسلکہ برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو۔ اصل کاغذات بعد ختم کارروائی اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس سے بخدمت عالیرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی ارسال کئے جائیں

دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(نوٹ) کاپی مسودہ قانون انتقال جائداد ریاست رامپور ۱۹۳۰ء گزٹ کے آخر میں شامل ہے

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم:- مورخہ ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۰ء

اعلان مندرجہ ذیل کی منظوری دیجاتی ہے گزٹ میں شائع کیا جائے۔ برائے تعمیل سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس کے پاس مرسل ہو بعد کارروائی اشاعت گزٹ کاغذات ہذا صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل کی خدمت میں بھیجے جائیں۔

اعلان

بمنشاء اختیارات تحت دفعہ ۲ ضمن (۴) "قانون افیون کشی ریاست رامپور ۱۹۳۰ء" گورنمنٹ رامپور جملہ مجسٹریٹ درجہ اول و درجہ دوم ریاست رامپور کو اس کی تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے مقدمات تحت قانون مذکرہ بالا کی سماعت کا اختیار عطا کرتی ہے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

Copy of the Government of India,

Defence Co-ordination Department,

Notification No. 529-O. R/4/40, dated the 28th September 1940.

No. 529-O. R/4/40. In pursuance of sub-clause (b) of clause (2) of rule 2 of the Defence of India Rules, the Central Government is pleased to notify the following areas to be enemy territory:—

1. The Norwegian Provinces of Nordland, Troms and Finmark.
2. Those parts of Metropolitan France occupied by Germany in accordance with the terms of the Franco-German Armistice Convention of the 22nd June 1940.

No. 1616/s D/29-10-40.

To be published in the State Gazette.

Sd/ Chief Minister.